سوال

قربانی کے ایام کتنے ہیں؟

جواب

قربانی کرنے کے ایام السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ قربانی کرنے کے ایام کتنے ہیں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس مسئلہ میں اگرچہ اہل علم کا اختلاف پایا جاتا ہے، لیکن جمہور کے نزدیک راجح موقف یہی ہے کہ قربانی کرنے کے چار دن ہیں، آپ تیرہ ذوالحجہ کی نماز عصر تک قربانی کر سکتے ہیں۔ شوافع، لجنہ دائمہ اور شیخ ابن باز کا یہی موقف ہے۔ اس کی دلیل سیدنا جبیر بن مطعم کی روایت ہے، جس میں وہ فرماتے ہیں کہ: (کل فجاج مکۃ منحر، وکل أیام التشریق ذبح) رواہ أحمد وابن حبان وصححہ ورواہ البیہقی والطبرانی فی الکبیر والبزار والدارقطنی وغیرہم. مکہ کی تمام گلیاں قربان گاہ اور تمام ایام تشریق ذبح کے دن ہیں۔ امام البانی نے اس حدیث کو (صحیح الجامع الصغیر 2/834.) میں بیان کیا ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی